فوری ریلیز کے لیے: 24/8/2022 | گورنر ***KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL اور اٹارنی جنرل JAMES نے غیر قانونی طور پر تیل کے کنویں چلانے والی کمپنی کے خلاف 2$ ملین کے جرمانوں کا اعلان کیا***

***James Lee کو سٹیوبن اور کیٹاروگس کاؤنٹیز میں پینے کے پانی کے لیے خطرہ بننے والے سینکڑوں تیل کے کنووں کا منہ بند کرنے کا حکم دیا گیا***

***کنووں کا منہ بند کیے جانے کی خلاف ورزیوں پر لگایا جانے والا اب تک کا سب سے بڑا جرمانہ اس فیصلے کا حصہ ہے***

گورنر Kathy Hochul اور نیو یارک کی اٹارنی جنرل Letitia James نے آج James R. Lee اور ان کے کاروباری متعلقین کے خلاف، ریاست کے تیل اور گیس کے قواعد کی سنگین خلاف ورزیوں اور سٹیوبن اور کیٹاروگس کاؤنٹیز میں کمیونٹیز کو خطرے سے دوچار کرنے کے ایک مقدمے میں 2$ ملین کے فیصلے کا اعلان کیا۔ Lee اور ان کی کمپنیز کو ریاست کی سپریم کورٹ کے ایک جج نے حکم دیا کہ جرمانہ ادا کریں - جو کہ تیل اور گیس کے کنویں کے کسی مقدمے میں لگایا جانے والا سب سے بڑا مالی جرمانہ ہے - اور اپنے تیل کے کنووں کو مکمل طور پر ریاستی قوانین کے تقاضوں کے مطابق بنائیں۔ کئی سالوں سے، Lee اور ان کی کمپنیز جن کنووں کو وہ چلاتے تھے ان کا منہ درست طریقے سے بند نہیں کر رہے تھے، جس سے ان کنووں کے ارد گرد کے علاقوں میں پینے کے پانی کی ترسیل کو بڑا خطرہ تھا اور وہاں میتھین گیس کے اخراج کا تشویشناک خطرہ لاحق تھا۔

میری انتظامیہ، ریاست بھر کی کمیونٹیز میں پینے کے پانی کے تحفظ کے لیے فیصلہ کن اقدامات کرنے پر مکمل طور پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے؛ اور آج اعلان کردہ ریکارڈ مالی جرمانہ نیو یارک کی ایک بڑی کامیابی ہے،" **Governor Hochul نے کہا۔** "جو بھی نیو یارک کے شہریوں کے صحت اور تحفظ کو خطرے کی زد میں لائے گا ہم ان کا احتساب کرنے کے لیے اپنی کاوشوں پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ میں اٹارنی جنرل Letitia James کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے سٹیوبن اور کیٹاروگس کاؤنٹیز میں صحت عامہ اور ماحولیات کے تحفظ کے لیے اقدامات کیے جانے میں شراکت داری کی۔"

**اٹارنی جنرل Letitia James نے کہا،** "یہ نیویارک کی آب و ہوا کا تحفظ کرنے کے لیے ہماری کاوشوں میں ایک بڑی جیت ہے۔ غیر قانونی طور پر چلائے جانے والے یہ تیل کے کنویں جنوبی سلسلے اور مغربی نیو یارک کے بے شمار خاندانوں کے پینے کے پانی کو خطرے سے دوچار کر رہے تھے اور ماحول کے لیے ایک بڑا خطرہ تھے۔ اس مقدمے سے یہ واضح ہو جانا چاہیے کہ اگر کوئی بھی ہماری کمیونٹیز کی صحت یا ہمارے قدرتی وسائل کے لیے خطرہ بنے گا تو نیویارک ان کے خلاف ڈٹ جائے گا۔ میں آلودگی پھیلانے والوں کو روکنے اور لوگوں کا تحفظ کرنے میں ہمارے شراکت دار بننے پر گورنر Hochul، کمشنر Seggos اور DEC میں ہمارے ساتھیوں کی مشکور ہوں۔

**ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "یہ فیصلہ Lee اور ان کی کمپنیز کے لیے سٹیوبن اور کیٹاروگس کاؤنٹیز میں کئی سال تک ریاست نیو یارک کے ٹھوس تقاضوں پر بے حسانہ غفلت برتنے پر احتساب کا ایک بڑا دن ہے۔ میں اس پے در پے خلاف ورزی کرنے والے کا انصاف کرنے کے لیے انتھک کوششوں پر اٹارنی جنرل James اور ان کی ٹیم اور اپنے عملے کا مشکور ہوں۔ اولین مثال قائم کرنے والا یہ مقدمہ

ظاہر کرتا ہے کہ ریاست نیو یارک اِن آلودگی پھیلانے والوں کا تعاقب کرنے اور جس نقصان سے یہ ہماری ماحولیات اور کمیونٹیز کو دوچار کرتے ہیں، اس پر ان کا احتساب کرنے میں کوئی دقیقہ فراگزاشت نہیں کرے گی۔"

کئی سالوں سے Lee اور ان کے دکھاوے کے کاروباری متعلقین - Lee Oil Company, Inc., Whitesville Producing Corporation, Whitesville Production Corp., Allegro Oil & Gas Inc اور Allegro Investments Corporation - سٹیوبن اور کیٹاروگس کاؤنٹیز میں سینکڑوں تیل کے کنووں کے مالک رہے ہیں یا ان کو چلاتے رہے ہیں۔ ان غیر قانونی اداروں کے خلاف آفس آف دی اٹارنی جنرل ( OAG, Office of the Attorney General) اور DEC کی جانب سے نفاذ قانون کے لیے متعدد کاروائیوں کی گئیں۔ ان کے ماحولیاتی قوانین کی تعمیل اور 400 سے زیادہ کنووں کا درست طریقے سے منہ بند کرنے میں ناکام رہنے کے بعد، OAG اور DEC نے Lee اور ان کی کمپنیز کے خلاف ایک مقدمہ درج کروایا تاکہ ان کو تعمیل، بشمول اپنے کنووں کا منہ درست طریقے سے بند کرنے اور اس کے ساتھ ساتھ اپنی طویل عرصے سے جاری بے حسانہ خلاف ورزیوں کا جرمانہ ادا کرنے پر مجبور کیا جائے۔

عدالت نے Lee کے خلاف مقدمے میں OAG اور DEC کے حق میں فیصلہ دیا اور اس نتیجے پر پہنچی کہ:

1. مدعا علیہان 400 سے زیادہ تیل کے کنووں کا منہ بند کرنے میں ناکام رہے؛
2. مدعا علیہان کنووں کی 10 سال سے زیادہ کی درکار شدہ سالانہ رپورٹس جمع کروانے میں ناکام رہے؛
3. مدعا علیہان کنواں چلانے والوں سے درکار DEC آرگنائزیشنل رپورٹس فائل کرنے میں ناکام رہے؛
4. مدعا علیہان وہ موزوں مالی ضمانت فراہم کرنے میں ناکام رہے جس کا مقصد کنووں کے منہ بند کیے جانے کو یقینی بنانا ہوتا ہے؛
5. James Lee ذاتی طور پر اس جرمانے کی ادائیگی اور کنووں کو تقاضوں کی تعمیل کے مطابق بنانے کے پابند ہیں اور ان کو ان کے غیر فعال کاروباری متعلقین کی ڈھال حاصل نہیں؛ اور
6. کنووں کے منہ بند کیے جانے کی ذمہ داری متاثرہ معدنی جائیداد کے مستقبل کے مالکان کو منتقل ہو سکتی ہے۔

Lee اور ان کے کاروباری متعلقین پر 2$ ملین کا جرمانہ لگایا گیا جو کہ جزوی طور پر اس حقیقت پر مبنی تھا کہ ریاست نے ثابت کیا کہ Lee نے ریاست کے ماحولیاتی قانون کی تعمیل میں ناکام رہ کر اور اپنے خلاف فیصلوں کو خاطر میں نہ لا کر - کم از کم 1$ ملین کا - مالی فائدہ اٹھایا۔ اپنے فیصلے میں، عدالت نے پایا کہ مسٹر Lee اور ان کی کمپنیز نے کئی سالوں تک ان قوانین کی خلاف ورزی کی ہے اور مسٹر Lee اور ان کی کمپنیز کو تعمیل کرنے کی جانب لانے کی ریاست کی متعدد کوششوں کو نظر انداز کیا ہے۔

تیل اور گیس کے کنویں جن کے منہ بند نہ کیے گئے ہوں، پینے کے پانی کی ترسیل کے نظام اور عمومی ماحولیات کے لیے شدید خطرہ ہیں۔ Lee کے کنووں میں سے کئی سے ارد کے پانیوں میں تیل کا اخراج ہو چکا ہے اور یہ صحت عامہ کے لیے مسلسل خطرات کا باعث ہیں۔ اس کے علاوہ، ان کنووں سے میتھین خارج ہو سکتی ہے، یہ ایک طاقتور گرین ہاؤس گیس ہے جو آب و ہوا کی تبدیلی میں بڑا کردار ادا کرتی ہے۔

عدالت نے کہا کہ اس کو اپنے فیصلے میں ایک مضبوط پیغام پہنچانے کی ضرورت تھی جس سے دیگر کنویں چلانے والوں کی اس بارے میں سوچنے کی بھی حوصلہ شکنی ہو کہ وہ ریاست نیو یارک کے آس پاس کے تیل اور گیس کے کنووں میں اپنی ذاتی ذمہ داریوں کو ترک کریں اور ان کو منہ بند کیے جانے کے لیے ٹیکس دینے والے شہریوں کے لیے چھوڑ دیں۔ یہ فیصلہ جائیداد کے حوالے سے ایک اہم اولین قانونی مثال بھی قائم کر رہا ہے جس کو اس لیے استعمال کیا جا سکتا ہے کہ ایسے کنووں والی جائیدادیں جن کے منہ بند نہ کیے گئے ہوں، کے مالکان سے درکار کیا جائے کہ وہ کنووں کا منہ بند کرنے کے ریاست کے تقاضوں کی تعمیل کریں۔

LEE کے کنووں کی سخت نگرانی DEC جاری رکھے گا اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کرے گا کہ تمام کنووں پر تعمیل مکمل کروا کر عدالت کے حکم پر عملدرامد ہو۔ مسٹر Lee نے کنووں کے منہ بند کیے جانے کے

لیے ادائیگی کی استطاعت نہ ہونے کا دعویٰ کیا ہے، لیکن DEC ان کے پاس موجود اثاثہ جات حاصل کرنے کے لیے کاروائی کرے گا، جن کو اس عدالت کے فیصلے کے تحت عائد کی گئی ذمے داریوں کی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جا سکے۔

اس معاملے کی کاروائی اسسٹنٹ اٹارنیز جنرل Meredith Lee-Clark اور Brian Lusignan نے سنبھالی، جن کی نگرانی سینئر کاؤنسل برائے انفورسمنٹ Andrew Gershon اور OAG انوائرمنٹل پروٹیکشن بیورو کے بیورو چیف Lem Srolovic نے کی۔ DEC کی جانب سے اس معاملے کی کاروائی آفس آف جنرل کاؤنسل کے اٹارنی David Keehn نے سنبھالی جن کو شعبہ معدنی وسائل کے سیکشن چیف Ted Loukides کی معاونت حاصل تھی، نگرانی Lisa Wilkinson اور Scott Crisafulli نے DEC کے ڈپٹی کمشنر اور جنرل کاؤنسل Thomas S. Berkman کے ساتھ کی۔

###


اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418